AQF / Shabbir

10-02-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت نے سیشلز کیلئے 17 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے صحت، موسمیات، الیکٹرانکس، آئی ٹی اور اچھی حکمرانی سمیت مختلف شعبوں میں مفاہمت ناموں پر دستخط کیے ہیں۔

2- وزیراعظم نریندر مودی نے ماریشس کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر نوین چندر رام غلام کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کی اور بحرِ ہند کے خطے میں امن و استحکام کے مشترکہ مقاصد کا اعادہ کیا۔

3- وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی سمجھوتے میں بھارتی کسانوں کے مفادات کا خیال رکھا گیا ہے اور اہم اناج کو پورا تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔

4- اترپردیش اپنی اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں خود اپنی اقتصادی سروے رپورٹ پیش کرنے والی پہلی ریاست بن گئی ہے۔

5- مہاراشٹر میں BJP کی زیرِ قیادت مہایوتی اتحاد نے ضلع پریشد انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

6- اور ICC نے مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ کے سبھی میچوں میں پاکستان کی شرکت کی تصدیق کی ہے، جس میں کولمبو میں 15 فروری کو بھارت کے ساتھ ہونے والا میچ بھی شامل ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-SEYCHELLES PRESS MEET

وزیراعظم نریندر مودی نے سیشلز کیلئے 17 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ نئی دلی میں سیشلز کے صدر ڈاکٹر Patrick Herminie کے ساتھ میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ مذکورہ پیکیج سے سماجی ہاؤسنگ، E-Mobility، پیشہ وارانہ تربیت، صحت، دفاع اور بحری سلامتی کے شعبے میں مدد ملے گی۔

**0815 PM Modi on PKG**

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ سمندری اعتبار سے پڑوسی ملک اور بھروسے مند ساجھیدار ہونے کے ناطے، بھارت کے ویژن مہاساگر میں سیشلز کو اہم مقام حاصل ہے۔

**0815 PM Modi on Mahasagar**

بھارت اور سیشلز نے مختلف شعبوں میں سات مفاہمت ناموں پر دستخط بھی کیے ہیں۔ اِن میں صحت، موسمیات، الیکٹرانکس، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور اچھی حکمرانی شامل ہیں۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل رات راشٹرپتی بھون میں سیشلز کے صدر Patrick Herminie کے اعزاز میں ضیافت کا اہتمام کیا۔ اِس موقعے پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ سیشلز کے ساتھ بھارت کے تعلقات باہمی اعتماد اور احترام، نیز جمہوریت اور تکثیریت میں مشترکہ یقین پر مبنی ہیں۔ اِس سے پہلے نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے سیشلز کے صدر سے ملاقات کی۔x

**PM-MAURITIUS**

وزیراعظم نریندر مودی نے ماریشس کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر نوین چندر رام غلام کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اِس بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے خصوصی، تاریخی اور عوام پر توجہ مرکوز کرنے والے تعلقات کو مستحکم بنانے کے عہد کو دوہرایا، جو دونوں ملکوں کو ایک دوسرے کے ساتھ باہم منسلک کرتے ہیں۔ دونوں لیڈروں نے وسیع تر اشتراک میں پیشرفت کا جائزہ بھی لیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے مزید کہا کہ بھارت اور ماریشس مل کر کام کرتے رہیں گے تاکہ بحرِ ہند کے خطے میں امن و استحکام کے مشترکہ مقاصد حاصل کیے جا سکیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ وہ اگلے ہفتے AI Impact Summit میں شرکت کیلئے ڈاکٹر رام غلام کا خیر مقدم کرنے کے منتظر ہیں۔

**SHIVRAJ MATHURA**

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی سمجھوتہ قومی مفادمیں بہترین معاہدہ ہے جس میں کسانوں کے مفادات کا پورا خیال رکھا گیا ہے۔ اترپردیش کے متھرا میں گووردھن پریکرما کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر زراعت نے کہا کہ اِس تجارتی سمجھوتے سے بھارتی کسانوں، خواتین اور نوجوانوں کے خوابوں کو نئی اڑان ملے گی اور وہ ترقی اور پیشرفت کی نئی بلندیوں پر پہنچ سکیں گے۔ جناب چوہان نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک کی ڈپلومیسی فروغ پارہی ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ اِس سمجھوتے میں گیہوں اور دھان سمیت اہم اناج کو پورا تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔x

**FINANCE FORUM**

وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ نئے مالی سال کے مرکزی بجٹ سے کاروباری اداروں اور صنعت کے پالیسی نقطۂ نظر سے تسلسل، یقینی صورتحال اور تخمینوں کے تعلق سے سرکار کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے اِن اداروں کو طویل مدتی منصوبوں اور سرمایہ کاری کے وعدوں کو پورا کرنے میں سہولت ہوگی۔ محترمہ سیتارمن نے کَل نئی دلی میں امریکہ-بھارت کلیدی ساجھیداری فورم کے بورڈ ارکان سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔x

**VAISHNAW SERGIO GOR**

الیکٹرانکس اور آئی ٹی محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے نئی دلی میں بھارت میں امریکہ کے سفیر Sergio Gor سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے کلیدی تعلقات کو مستحکم بنانے پر تبادلہ خیال کیا، جس میں سیمی کنڈکٹرس، الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ اور سپلائی نظام کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ویشنو نے کہا کہ وہ نئی دلی میں ہونے والے AI Impact Summit میں امریکہ کی طرف سے بڑی شرکت کے منتظر ہیں۔x

**JAISWAL-BIRCS SHERPA**

پہلی برکس شیرپا میٹنگ کل نئی دلّی میں شروع ہوئی۔ اقتصادی تعلقات کے سکریٹری اور بھارت کے برکس شیرپا سُدھاکر Dalela نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے عوام پر مرکوز اور انسانیت کو اولین ترجیح دینے کے ویژن پر مبنی بھارت کی صدارت کی اہم ترجیحات کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے استحکام، جدت طرازی، تعاون اور پائیداری قائم کرنے پر بھی زور دیا۔ بھارت اِس سال چوتھی مرتبہ برکس کی صدارت کرے گا۔ اِس سے پہلے وہ 2012، 2016 اور 2021 میں بھی اس کی صدارت کرچکا ہے۔x

**RUSSIA-INDIA BRICS**

روس نے کہا ہے کہ وہ برکس کی صدارت کے دوران بھارت کی بھرپور حمایت کرے گا۔ اُس نے نئی دلّی کے ایجنڈے کو جدید اور انتہائی موزوں قرار دیا ہے، جس میں دہشت گردی کی روک تھام کے اقدامات اور توانائی کی یقینی فراہمی پر بھرپور توجہ دی گئی ہے۔ روس کے وزیر خارجہ Sergey Lavrov نے کہا کہ اِس سال یکم جنوری کو برکس کی صدارت سنبھالنے والا بھارت، ایسے مسائل کو ترجیح دے رہا ہے، جو موجودہ عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ مستقبل کی تیاری بھی ہیں۔ ٹی وی برکس کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے خطے میں مسلسل خطرات کے تناظر میں دہشت گردی کے خلاف اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ روس اقوام متحدہ میں ایک عالمی کنونشن کے سلسلے میں بھارت کے ساتھ قریبی تعاون کررہا ہے۔

جناب Lavrov نے خوراک، توانائی اور ICT کی یقینی فراہمی کی اہمیت پر بھی زور دیا، جس میں مصنوعی ذہانت گورننس پر تعاون بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ برکس کے رُکن ممالک قومی خود مختاری کے تحفظ کے ساتھ شفافیت کی حمایت کرتے ہیں۔x

**SHAH-CBI LAUNCH**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں سائبر فراڈ سے نمٹنے اور اِس کے ایکو نظام کو ختم کرنے سے متعلق قومی کانفرنس میں کلیدی خطاب کریں گے۔ اِس موقعے پر وہ مرکزی جانچ بیورو کی نئی سائبر جرائم شاخ کا افتتاح بھی کریں گے۔ جناب امت شاہ امورِ داخلہ کی وزارت کے تحت بھارتی سائبر جرائم تال میل مرکز 14C کے ریاستی سینٹر کے Dashboard کا آغاز بھی کریں گے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UP-ECONOMIC SURVEY**

اُترپردیش ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے، جس نے اپنے اقتصادی جائزے کی رپورٹ پیش کی ہے۔ اس رپورٹ میں ترقی کی رفتار اور صنعتی ترقی میں تیزی کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ ریاست کے وزیر خزانہ سُریش کھنہ نے قانون ساز اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں سال 2025-26 کیلئے ریاستی حکومت کی اقتصادی جائزہ رپورٹ پیش کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Sushil Tiwari

*اقتصادی جائزے کے مطابق قومی معیشت میں ریاست کا حصہ سال 2016-17 میں 8 اعشاریہ چھ فیصد سے بڑھ کر سال 2024-25 میں 9 اعشاریہ ایک فیصد ہوگیا ہے۔ جائزے میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ریاست کی معیشت کا حجم سال 2016-17 میں 13 اعشاریہ تین صفر لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر سال 2024-25 میں 30 اعشاریہ دو پانچ لاکھ کروڑ روپے ہوگیا ہے اور توقع ہے کہ یہ سال 2025-26 میں 36 لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ جائے گا۔ اقتصادی جائزے کے مطابق ریاستی حکومت نے دیہی ترقی پر اخراجات میں مسلسل اضافہ کیا ہے۔ اترپردیش نے سال 2017-18 میں ایک ہزار 814 اعشاریہ تین چار لاکھ Manav Diwas یعنی کام کے دن کے مقابلے سال 2024-25 میں تین ہزار 363 اعشاریہ نوسات لاکھ Manav Diwas یعنی کام کے دن پیدا کئے، جو 85 اعشاریہ*

چار ایک فیصد کا اضافہ ہے، جس سے ریاست، ملک میں پہلے مقام پر پہنچ گئی ہے۔
لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## MAHA-ZILA PARISHAD POLLS

مہاراشٹر میں BJP کی زیرِ قیادت مہایوتی اتحاد نے ضلع پریشد انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ ریاستی چناؤ کمیشن نے کُل 731 سیٹوں کے نتیجوں کا اعلان کیا، جن میں سے مہایوتی نے 552 سیٹیں جیتی ہیں۔ حکمراں اتحاد میں بھارتیہ جنتا پارٹی 225 سیٹیں جیت کر سرِفہرست رہی جبکہ اجیت پوار کی زیرِ قیادت NCP کو 165 اور ایکناتھ شندے کی سربراہی والی شیوسینا کو 162 سیٹیں ملی ہیں۔

اِدھر اپوزیشن کی مہاوکاس اگھاڑی میں کانگریس نے 55 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے جبکہ اُدھو ٹھاکرے کی زیرِ قیادت شیو سینا کو 43 اور شرد پوار کی سربراہی والی NCP SP کو 26 سیٹیں ملی ہیں۔ بقیہ سیٹوں پر آزاد امیدوار اور چھوٹی پارٹیاں کامیاب ہوئی ہیں۔ کئی ضلعوں میں BJP واحد سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے۔ اِن میں سندھو دُرگ، ستارا اور لاتور شامل ہیں۔ اِدھر اجیت پوار کی زیرِ قیادت NCP نے پونے ضلع پریشد میں اپنی بالادستی قائم کی ہے۔x

## PM-MAHARASHTRA

وزیراعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر میں ضلع پریشد چناؤ میں BJP اور مہایوتی کی شاندار کامیابی کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ مہاراشٹر کے دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں لوگ اچھی حکمرانی اور ایک ایسا اتحاد چاہتے ہیں جو ریاست کی شاندار ثقافت کے جذبے کے ساتھ کام کریں۔ جناب مودی نے انتھک کام کرنے پر پارٹی کارکنوں کی ستائش بھی کی۔x

## DELHI-NEW CEO

انتخابی کمیشن نے اشوک کمار کو دلّی کا نیا چیف الیکٹورل آفیسر مقرر کیا ہے۔ 2006 بیچ کے IAS آفیسر جناب کمار، IAS آر Alice Vaz کی جگہ لیں گے۔ دلّی کے چیف سکریٹری کو لکھے گئے ایک خط میں چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ اشوک کمار کو فوری طور پر دلّی کے CEO کے دفتر کا چارج سنبھالنا ہے۔ چناؤ کمیشن نے جنوری میں دلّی حکومت سے چیف الیکٹورل آفیسر کے انتخاب کیلئے تین IAS افسروں کا پینل بھیجنے کو کہا تھا۔ اشوک کمار، اُن تین افسروں میں شامل تھے، جن کے نام ریکھا گپتا کی سرکار نے انتخابی کمیشن کو بھیجے تھے۔x

**MIZORAM TRAIN**

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے میزورم کے Sairang اور آسام کے سِلچر کو جوڑنے والی ایک نئی مسافر ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گوہاٹی ریلوے اسٹیشن پر مربوط مہمان نوازی خدمات کا بھی آغاز کیا۔ یہ نئی ٹرین ہفتے میں پانچ دن چلے گی، جس سے میزورم اور آسام کے درمیان ریل کنکٹی ویٹی میں بہتری آئے گی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میزورم کے وزیر اعلیٰ لالڈوہوما نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ایکٹ ایسٹ پالیسی کے تحت میزورم اور شمال مشرقی خطے میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی نے خاطر خواہ رفتار حاصل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں تمام شعبوں میں واضح ترقی نظر آرہی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وکست بھارت بنانے کے سفر میں کسی بھی ریاست یا خطے کو پیچھے نہیں چھوڑا جارہا ہے۔×

**ICC-PAKISTAN-BANGLADESH**

بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC نے مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی ورلڈ کپ-2026 کے تمام طے شدہ میچوں میں پاکستان کی شرکت کی تصدیق کردی ہے۔ اس میں 15 فروری کو کولمبو میں بھارت کے خلاف ہونے والا میچ بھی شامل ہے۔کل رات جاری ایک بیان میں ICC نے کہا کہ ICC اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے درمیان بات چیت ایک وسیع تر مشاورت کا حصہ تھی، جس میں دونوں فریقوں نے مثبت تعاون، اتحاد، عزم اور مقصدیت کے ساتھ کھیلوں کے مفادات کی خدمت کرنے کی ضرورت کو تسلیم کیا اور دیانتداری، غیرجانبداری اور تعاون کے اصولوں پر عمل کرنے پر اتفاق کیا۔ ICC نے مزید کہا کہ اس بات پر اتفاق ہوا ہے کہ تمام رُکن ممالک ICC مقابلوں میں شرکت کی شرائط کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں گے اور ہرممکن اقدام کریں گے، تاکہ مردوں کا ICC ٹی-ٹوینٹی ورلڈ کپ کامیاب ہو۔

اس سے قبل ICC، پاکستان کرکٹ بورڈ اور بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے درمیان ایک میٹنگ ہوئی تھی، جس کے بعد ICC اور بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے تصدیق کی کہ ٹورنامنٹ میں شرکت نہ کرنے کیلئے بنگلہ دیش پر کوئی جرمانہ عائد نہیں کیا جائے گا اور اُسے 2031 کے مردوں کے ICC کرکٹ ورلڈ کپ سے پہلے ایک ICC ٹورنامنٹ کی میزبانی کا موقع دیا جائے گا، جو ICC کی معیاری میزبانی شرائط کے تابع ہوگا۔×

**BCCI-ANNUAL CONTRACT**

بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے 2025-26 کے سیزن کیلئے مردوں اور خواتین کی سینئر ٹیموں کیلئے کھلاڑیوں سے متعلق اپنے سالانہ کانٹریکٹ کا اعلان کردیا ہے۔سینئر مردوں کی ٹیم میں شبھمن گِل، جسپریت بُمرا اور رویندر جڈیجہ کو گریڈ اے میں رکھا گیاہے جبکہ روہت شرما اور وراٹ کوہلی جیسے سینئر کھلاڑیوں کو، جو ٹیسٹ کرکٹ اور ٹی-ٹوئنٹی سے ریٹائر

ہوگئے ہیں، گریڈ بی میں رکھا گیا ہے۔
دوسری طرف سینئر خواتین کی ٹیم میں ہرمن پریت کور، اِسمرتی مندھانا، **Jemimah Rodrigues** اور دیپتی شرما کو گریڈ اے میں رکھا گیا ہے۔**x**

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... محمد عمار
شکریہ - شگفتہ یاسمین

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے اہم اردو اخبارات نے پارلیمنٹ میں جاری تعطل کو اپنی اہم خبر کے طور پر شائع کیا ہے روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: پارلیمانی تعطل برقرار، قائد حزبِ اختلاف کی اسپیکر سے ملاقات۔ نکسلیوں سے مرکزی دھارے میں لوٹنے کی اپیل شہ سرخی کے تحت امت شاہ کا یہ بیان بھی صفحۂ اول پر موجود ہے کہ ہتھیار ڈالنے والوں کے خدشات دور کیے جائیں گے۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے پروگرام پریکشا پہ چرچا کے تحت طلبا سے بات چیت کو اپنے صفحۂ اول پر نمایاں اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے اور سرخی لگائی ہے: ''وزیراعظم نے طلبا کو بنا ذہنی تناؤ کے امتحان دینے کی دی صلاح''۔

دلی کی وزیراعلیٰ کا یہ بیان کہ دلی کو صحت کا ہب بنانا حکومت کا ہدف اور دلی کے وزیر صحت ڈاکٹر پنکج کمار سنگھ کا بیان کہ مریضوں کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ اس صفحے کی دیگر اہم خبریں ہیں: مغربی بنگال میں **SIR** میں مزید ایک ہفتے کی توسیع: روزنامہ انقلاب کی اہم شہ سرخی ہے جبکہ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے ہند۔سیشلز کے دیرینہ تعلقات سے متعلق وزیراعظم نریندر مودی کے بیان کو اہم خبر کے طور پر شائع کرتے ہوئے ''ہندوستان اور جمہوریہ سیشلز۔ تعلقات ایک نئے مرحلے میں داخل۔'' شہ سرخی کے تحت شائع کیا ہے، ''دلی میں صبح قدرے گرم ، موسمِ سرما رخصتی کے قریب۔'' ''ہماچل پردیش میں برفباری'' اور ''اتراکھنڈ کے پہاڑوں میں ہلکی بارش کا امکان'' موسم سے متعلق خبروں کی اہم سرخیاں ہیں۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

**1-** بھارت نے سیشلز کیلئے **17** کروڑ **50** لاکھ ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے صحت، موسمیات، الیکٹرانکس، آئی ٹی اور اچھی حکمرانی سمیت مختلف شعبوں میں مفاہمت ناموں پر دستخط کیے ہیں۔

**2-** وزیراعظم نریندر مودی نے ماریشس کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر نوین چندر رام غلام کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کی اور

بحرِ ہند کے خطے میں امن و استحکام کے مشترکہ مقاصد کا اعادہ کیا۔

3- وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی سمجھوتے میں بھارتی کسانوں کے مفادات کا خیال رکھا گیا ہے اور اہم اناج کو پورا تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔

4- اترپردیش اپنی اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں خود اپنی اقتصادی سروے رپورٹ پیش کرنے والی پہلی ریاست بن گئی ہے۔

5- مہاراشٹر میں BJP کی زیرِ قیادت مہایوتی اتحاد نے ضلع پریشد انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

6- اور ICC نے مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ کے سبھی میچوں میں پاکستان کی شرکت کی تصدیق کی ہے، جس میں کولمبو میں 15 فروری کو بھارت کے ساتھ ہونے والا میچ بھی شامل ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------